# سلسلہ قادریہ اور اس کے بانی پر تصانیف کا اجمالی جائزہ

ڈاکٹر غلام یحییٰ انجم ☆

بانی سلسلہ قادریہ حضرت سیّدنا شیخ عبدالقادر جیلانی علیہ الرحمہ نے دین کے تحفظ و بقا اور اس کی نشر و اشاعت سے متعلق جو گرانقدر خدمات انجام دیں اور اپنی شبانہ روز مساعی سے اسلام کی سسکتی روح کو تاب و توانائی بخشی اس کا اعتراف تمام عالم اسلام کو ہے، ان کے روشن کارناموں اور نمایاں خدمات کو معتقدین، متوسلین اور قلم کاروں نے صفحہ قرطاس پر محفوظ کر لیا ہے تاکہ ان کارناموں کی روشنی میں بندگان خدا اپنی زندگیوں کو ابدی سعادتوں سے ہمکنار کر سکیں۔

یہ روایت رہی ہے کہ تاریخ نے ان تمام شخصیات کے حالات و کارناموں کو اپنے سینے میں جگہ دی ہے، جنھوں نے اپنے علم، کردار و عمل سے عوام و خواص کو متاثر کیا ہے۔ خواہ وہ مورخ ہوں یا شاعر، ادیب ہوں یا سوانح نگار، مفکر ہوں یا سیاستدان، ریاضی داں ہو یا سپہ سالار، سلطان وقت ہوں یا کوئی اور جو ان شخصیات سے متاثر ہوئے، ان کے کارناموں کو محفوظ کیا گیا۔ صدیوں پہلے یہ سلسلہ شروع ہوا اور تادم تحریر یہ سلسلہ تسلسل کے ساتھ جاری ہے۔کاغذ کے وجود میں آنے سے قبل مٹی کی تختیوں، کھال، جھلی، بھوج پتر کی چھال

☆ ریڈر شعبہ علوم اسلامیہ، ہمدرد یونیورسٹی، نئی دہلی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اور کھجور کے پتوں جیسی دوسری چیزوں پر ان کی خدمات کو ریکارڈ کیا جاتا تھا لیکن جب کاغذ ایجاد ہوا تو ارباب علم و دانش اس صنعت کی طرف متوجہ ہوئے اور دوسری تمام چیزیں آثار قدیمہ کے نام سے محفوظ ہوگئیں - اب لکھنے لکھانے کا سارا کام کاغذ ہی پر بڑی تیزی کے ساتھ جاری ہے - آج سیّدنا شیخ عبدالقادر جیلانی علیہ الرحمہ کی عبقری شخصیت کے بارے میں جو کچھ معلوم ہے وہ انہی کاغذ پر لکھی گئی دستاویزی تحریروں، کتابوں، رسائل ، مجلات ، اخبارات اور دیگر تصانیف کے ذریعہ ہی معلوم ہے جو مختلف اوقات میں ارباب قلم اور صاحبان فکر کے ذریعہ منصۂ شہود پر آئیں - سلسلہ قادریہ کے تعلق سے لکھی جانے والی تحریریں دو طرح کی ہیں -

۱- ایک قسم کی تحریریں وہ ہیں جو بانی سلسلہ قادریہ حضرت سیّد نا شیخ عبدالقادر جیلانی علیہ الرحمہ کے قلم سے منظر عام پر آئیں یا ان کے مواعظ ، مکتوبات اور ملفوظات جو ان کے مریدین اور خلفاء نے مرتب کئے- ان کے ذریعہ شیخ کی زندگی ، تعلیمات ، دینی و مذہبی خدمات اور دیگر تبلیغی سرگرمیوں کو سمجھنے میں بڑی مدد ملتی ہے - شیخ کے تعلق سے معلومات فراہم کرنے کے لئے یہ تحریریں اس دور میں اہم ماخذ ہیں-

۲- دوسری قسم کی تحریریں وہ ہیں جو بانی سلسلہ کی زبان و قلم سے منصۂ شہود پر نہیں آئیں بلکہ ان کے معتقدین ، متوسلین ، مریدین ، مصنفین اور قلم کاروں نے لکھیں - ان تصانیف سے بھی شیخ کی عبقری شخصیت کے تعلق سے بھرپور روشنی حاصل کی جا سکتی ہے - ایسی تصانیف کی تعداد بہت زیادہ ہے - اس زمرہ میں زمانہ شیخ سے لے کر اب تک کے مصنفین اور قلمکار شامل ہیں -

رسائل ہوں یا مجلّات ، تصنیف ہو یا تالیف ان تمام تحریروں کو پہلے لائبریریوں اور کتب خانوں کی زینت بنایا گیا پھر ان سے استفادہ کی کوشش کی گئی جن مصنفین کی تحریروں کو

کتب خانوں میں محفوظ نہیں کیا جا سکا وہ زمانہ کی دست برد کا شکار ہو گئیں اور ان سے استفادہ ممکن نہ ہو سکا - میں پوری علمی دنیا کی بات تو نہیں کرتا البتہ مورخین کے حوالوں کے مطابق ایک زمانہ میں بغداد جو شیخ کی دعوتی و اصلاحی سرگرمیوں کا مرکز تھا وہ علوم و فنون کا سرچشمہ رہا ہے ، وہاں بہتر کتب خانے تھے جن میں ایک لاکھ کتابیں تھیں ، ان کتب خانوں کی فہرست بغداد سے متعلق کتب تواریخ میں دیکھی جا سکتی ہے ، ان کتب خانوں میں سیّدنا شیخ عبدالقادر جیلانی کے کتب خانہ کو بڑی اہمیت حاصل تھی ، بقول ادیب رائے پوری :

> " الحاج محمد زبیر فرماتے ہیں کہ خانقاہی کتب خانوں میں اسے وہی امتیاز حاصل تھا جو صوفیائے کرام کی صف میں حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی کو حاصل تھا اوکا نپو نے بھی بغداد کا ایک اہم کتب خانہ تحریر کیا ہے "[۱]

حضرت سیّدنا شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی علیہ الرحمہ سے متعلق بغداد اور دیگر کتب خانوں میں کتنی تصانیف ہیں اس کی صحیح فہرست تو پیش کرنی مشکل ہے - البتہ مختلف ذرائع سے جن کتابوں یا ان کے اسماء تک مجھ ہیچمداں کی رسائی ہو سکی ہے ان کی تعداد بھی دو سو سے زائد ہے - یہ واضح رہے اس فہرست میں سلسلہ قادریہ کے بانی سیّدنا شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی کے حالات زندگی، تعلیمات اوراد و وظائف اور دیگر تبلیغی و اصلاحی سرگرمیوں سے متعلق کتب ہیں - اس فہرست میں دونوں طرح کی تصانیف شامل ہیں وہ جو عقیدت و محبت کی بنیاد پر لکھی گئیں اور دوسری وہ جو تنقید و تجزئے کی بنیاد پر منظر عام پر آئیں ، اگر اس فہرست میں سلسلہ قادریہ کے مشائخ کا جزوی تذکرہ بھی شامل کر لیا جاتا تو یہ فہرست کئی صفحات میں پھیل جاتی - مجھے امید ہے کہ اس فہرست کی بنیاد پر تصوف سے دلچسپی رکھنے والے اہل علم کو اپنی تحقیقات کے سلسلے میں خاصی مدد حاصل ہو جائے گی - شائقین تصوف کوئی بڑا کام کر سکیں گے -

---

۱- آستانہ کراچی ، غوث اعظم نمبر ص ۴۴ اکتوبر ۱۹۹۲ء

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ترتیب فہرست کتب میں حروف تہجی کا لحاظ رکھا گیا ہے اور وہ تصانیف جو زیور طبع سے آراستہ نہیں ہو پائیں ان کی وضاحت اور نشاندہی کر دی گئی ہے ، اس ضمن میں عربی و فارسی دونوں طرح کے مخطوطات شامل ہیں البتہ یہ واضح رہے کہ بانی سلسلہ قادریہ غوث اعظم سیّدنا شیخ محی الدین عبدالقادر جیلانی کے حالات زندگی اور دیگر کیفیات سے متعلق انہی ماخذ کا اندراج کیا گیا ہے جو عربی ، فارسی اور اردو زبانوں میں ہیں جو کتابیں انگریزی ہندی کے علاوہ اور دوسری زبانوں میں لکھی گئی ہیں ان پر الگ سے کام کرنے کی ضرورت ہے -

سیّدنا شیخ حضرت عبدالقادر جیلانی علیہ الرحمہ کی زندگی بندگان خدا کی اصلاح و فلاح میں بسر ہوئی اور ان کے روز و شب کا ہر ایک لمحہ حق و صداقت کی نشر و اشاعت میں گذرا اس لئے جملہ تصانیف کا موضوعاتی جائزہ لینے کے بعد یہ حقیقت کھل کر سامنے آتی ہے کہ مصنفین اور سوانح نگاروں نے شیخ کے تعلق سے ان تمام پہلوؤں کا احاطہ کر لیا ہے ، مطالعہ کے بعد جن کی روشنی میں ایک عام انسان بھی انوار ربانی اور تجلیات الٰہی سے اپنے قلوب کو منور و مجلی کر سکتا ہے - یہ ایک ناقابل انکار حقیقت ہے کہ صوفیائے کرام کی زندگی اور ان کی تعلیمات کو اگر آج کے اس دور میں مشعل راہ بنایا جائے تو وہ بہت ساری خرابیاں جو معاشرہ میں در آئی ہیں اور جن سے ملک و ملت میں اجتماعی اخوت کا شیرازہ منتشر ہو چکا ہے ان سے نجات حاصل کی جا سکتی ہے - ایک عام انسان جو وحشی صفت بنتا جا رہا ہے اس کی اصلاح ہو سکتی ہے - اگر یہ کہا جائے کہ عناد ، نفرت ، خود غرضی، چاپلوسی ، رشوت ستانی ، غیبت ، چغلخوری ، قتل و غارتگری ، لوٹ کھسوٹ کی طرح دوسری برائیاں جو سماج میں جڑ پکڑ چکی ہیں ان سے نجات اسی وقت ممکن ہے جب صوفیائے کرام اور اولیائے عظام کے حالات زندگی کا مطالعہ کر کے ان کی تعلیمات کو مشعل راہ بنایا جائے اور اگر ایسا نہیں کیا گیا تو معاشرہ جس تباہی کا شکار ہوگا اس کا ہم آپ ابھی سے اندازہ نہیں لگا سکتے-

اس سے پہلے کہ بانی سلسلہ قادریہ کے حالات اور فضائل و کمالات سے متعلق کتابوں کا ذکر کیا جائے حصول برکت کے طور پر پہلے ان کتابوں کی فہرست دی جا رہی ہے جو شیخ کی زبان و قلم کے ذریعہ وجود میں آئی ہیں -

## سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی کی تصانیف :

۱- غنیۃ الطالبین
۲- الفتح الربانی والفیض الرحمانی
۳- فتوح الغیب
۴- جلاء الخاطر فی الباطن والظاہر (۱)
۵- الفیوضات الربانیہ فی الاوراد القادریہ
۶- بشائر الخیرات
۷- تحفۃ المتقین و سبیل العارفین
۸- حزب الرجاء انتہاد
۹- الرسالۃ الغوثیہ
۱۰- الکبریت الاحمر فی الصلوۃ علی النبی (۲)
۱۱- مراتب الوجود
۱۲- یواقیت الحکم
۱۳- معراج لطیف المعانی
۱۴- سر الاسرار و مظہر الانوار فیما یحتاج الیہ الابرار
۱۵- آداب السلوک والتوصل الی منازل الملوک
۱۶- رسالہ قادریہ (۳)
۱۷- رسالہ غوثیہ (۴)

---

۱- مخطوطہ، علی گڑھ
۲- غالباً یہ وہی رسالہ ہے جسکا تذکرہ سرکیس نے اپنی معجم میں "بشائر الخیرات" کے نام سے کیا ہے-
۳- مخطوطہ کتب خانہ آصفیہ، حیدر آباد-
۴- مخطوطہ خدا بخش پٹنہ اور مولانا آزاد لائبریری علی گڑھ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۱۸- فوائد من کلام الجیلی

۱۹- مکتوبات عبدالقادر جیلانی (۱)

۲۰- نو دونہ نام حضرت غوث الاعظم (۲)

۲۱- شرح قصیدہ سریانی

۲۲- دیوان غوث اعظم (فارسی)

۲۳- دیوان غوث الاعظم (عربی)

اس فہرست میں وہ تمام کتابیں شامل ہیں جو سیّدنا شیخ عبدالقادر جیلانی نے خود لکھی ہیں یا وہ آپ کے ملفوظات و مکتوبات و دواوین ہیں جو دوسرے اصحاب قلم نے جمع کئے ہیں - یہ بھی سچ ہے کہ شیخ کی جملہ تصانیف کی یہ فہرست ایک جگہ نہیں ملتی - متعدد کتابوں کی مدد سے یہ فہرست تیار کی گئی ہے - اس میں سے بیشتر کتابیں میری نظر سے نہیں گذری ہیں، کتب سیر و سوانح میں ان کے اسماء ضرور ملتے ہیں اس لئے انکا اندراج یہاں کر دیا گیا ہے - درج ذیل فہرست میں جو کتابیں ابھی زیور طبع سے آراستہ نہیں ہو سکی ہیں وہ بشکل مخطوطہ کس کتب خانے میں ہیں اس کی بھی وضاحت کر دی گئی ہے تاکہ ارباب تحقیق کے لئے ان کتابوں تک رسائی ممکن ہو سکے -

## بانی سلسلہ قادریہ سے متعلق لکھی گئی کتابیں :

### الف

| | |
|---|---|
| اجازہ قادریہ مع شجرہ | نا معلوم (مخطوطہ ، علی گڑھ) |
| احوال و مقامات غوث الاعظم | نا معلوم (کتب خانہ گنج بخش پاکستان) |
| اذکار قادریہ | جمال الدین بن موسی (مخطوطہ، علی گڑھ) |

---

۱- مخطوطہ ، علی گڑھ

۲- مخطوطہ ، علی گڑھ

| | |
|---|---|
| اذکار قادریہ قمیصیہ وارثیہ | غلام شبلی پھلواروی (مخطوطہ، علی گڑھ) |
| اسنی المفاخر | عبداللہ بن اسعد الیافعی (م۷۶۸ھ) |
| اعجاز غوثیہ | نا معلوم (مخطوطہ آصفیہ) |
| اقدام المحبوب | محمد صادق شہابی |
| انوار النہار | امام احمد رضا |
| انوار الناظر فی معرفۃ الشیخ عبدالقادر | عبداللہ التیمی البکری |
| اوراد سلسلہ قادریہ | شیخ عبدالحق دہلوی |
| اوراد غوثیہ | محمد غوث گوالیاری |
| الہامات غوثیہ | محمد نعمت اللہ |

## ب

| | |
|---|---|
| الباز الاشہب فی حیاۃ الشیخ عبدالقادر الکیلانی | ابراہیم السامرائی بغداد |
| برکات قادریت | شاہ جمیل الرحمٰن بریلوی |
| البرقاۃ اللامعۃ النور الساطعۃ | محمد بن یحییٰ حلبی |
| بستان الناظر ترجمہ تفریح الخاطر | محمد حبیب |
| بہجۃ الاسرار | نورالدین شطنوفی |
| البہجۃ الصغری فی مناقب الشیخ عبدالقادر جیلانی | عبدالعزیز دیرینی |

## ت

| | |
|---|---|
| تاریخ جامع الشیخ عبدالقادر الکیلانی | عبدالرحمٰن المحض الکیلانی |
| تاریخ محبوب سبحانی | مولوی علی انور |
| تاریخ مشائخ قادریہ - اتر پردیش | ڈاکٹر غلام یحییٰ انجم (مخطوطہ مصنف) |
| تاریخ مشائخ قادریہ - بہار و بنگال | ایضاً |
| تاریخ مشائخ قادریہ - دہلی و کشمیر | ایضاً |


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



| | |
|---|---|
| تاریخ مشائخ قادریہ - ہریانہ و پنجاب | ڈاکٹر غلام یحیٰ انجم (مخطوطہ مصنف) |
| تجلی بغداد | نور احمد خاں فریدی |
| تحفۃ الابرار و لوامع الانوار | علی بن یحیٰ الکیلانی (مخطوطہ ، علیگڑھ) |
| تحفۃ الاکابر بمناقب الشیخ عبدالقادر | عبدالرحمٰن الفالنی |
| تحفۂ سبحانی ترجمہ الفتح الربانی | سیّد محمد فاروق القادری |
| تحفۂ سبحانی ترجمہ الفتح الربانی | غلام احمد خان بریاں (مخطوطہ ، آصفیہ) |
| تحفۂ قادریہ | ابو المعالی بن رحمۃ اللہ |
| تحفۂ قادریہ | عبدالسلام باندوی |
| تحفۃ القادری | میاں محمد دین کلیم |
| تحفۂ میراں | غلام محمد ہزاروی |
| تحقیق الحق | صائم چشتی |
| تذکرہ حضرت غوث الاعظم | محمد دین کلیم |
| تذکرہ سیّدنا غوث الاعظم | نور بخش توکلی |
| تذکرہ قادریہ | محمد مظہر اللہ |
| تذکرہ قادریہ | سیّدنا طاہر علاء الدین گیلانی |
| تذکرہ مشائخ قادریہ | محمد الیاس برنی |
| تذکرہ مشائخ قادریہ رضویہ | عبدالمجتبی نیپالی (م ۱۹۹۸ء) |
| ترجمہ تفریح الخاطر فی مناقب عبدالقادر | غلام معین الدین نعیمی |
| ترجمہ جواہر العشاق | احمد علی شاہ بٹالوی |
| ترجمہ خلاصۃ المفاخر فی مناقب الشیخ عبدالقادر | نامعلوم (مخطوطہ ، علی گڑھ) |
| ترجمہ زبدۃ الآثار (تلخیص) | محمد صادق رضوی |
| ترجمہ سرور الخواطر الفاطر | مولانا حسن رضا خاں |
| ترجمہ غنیۃ الطالبین | شمس صدیقی بریلوی |

| | |
|---|---|
| ترجمہ فتوح الغیب | احمد حسین خاں |
| ترجمہ فتوح الغیب | نواب معشوق یار جنگ |
| ترجمہ فتوح الغیب | سکندر شاہ |
| ترجمہ کلمۃ التوحید | نامعلوم ( مخطوطہ ، آصفیہ ) |
| ترجمہ مرویات غوثیہ | نا معلوم (مخطوطہ ، علی گڑھ ) |
| تنبیہ العارف بما وقع فی العوارف | شیخ عبدالحق دہلوی |
| توصیف نامہ میراں محی الدین | ملا فیروز بیدری ( مخطوطہ ادارہ ادبیات اردو پاکستان ) |

## ج

| | |
|---|---|
| الجواہر النیۃ فی شرح القصیدۃ الغوثیہ | عبدالمالک ابو البرکات |

## ح

| | |
|---|---|
| حالات و مناقب غوث الاعظم | محمد عرفان قادری بلسبلوری |
| حجۃ العارفین | محمد برکت اللہ فرنگی محلی |
| حضرت پیران پیر | محمود علی کامل کرنالوی |
| حضرت سیدنا غوث الاعظم | میاں محمد کلیم |
| حضرت غوث الاعظم - سوانح و تعلیمات | میکش اکبر آبادی |
| حضرت غوث الاعظم اور بڑھیا کا بیڑا | نا معلوم |
| حضرت غوث پاک | نا معلوم |
| حیات غوث الاعظم | رکن الدین نظامی |
| حیات غوث الوری | نصیر الدین ہاشمی |
| حیات جاودانی | مسعود احمد چشتی |

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## خ

| | |
|---|---|
| خلاصۃ القادریہ | ابو المعالی محمد (مخطوطہ ، پھلواری شریف) |
| خلاصۃ المفاخر فی اخبار الشیخ عبدالقادر | عبداللہ بن اسعد الیافعی |
| خلعت رحمانی فی احوال الشیخ عبدالقادر جیلانی | قاضی عبدالنبی کوکب |
| خوارق قادریہ | خیر الدین محمد بن شیخ غلام حفیظ الہ آبادی (مخطوطہ ، علی گڑھ) |

## چ

| | |
|---|---|
| چار گلشن غوثیہ | شیخ احمد حسرت صدیقی (مخطوطہ ، انجمن ترقی اردو) |
| چمنستان برکات | آفاق |

## د

| | |
|---|---|
| دربار قادری | محمد حنیف اختر خانیوال |
| درر الجواہر | ابو الفرح بن الجوزی |
| درر الجواہر فی مناقب الشیخ عبدالقادر | سراج الدین ابن الملقن |
| الدر الثمین فی مناقب الشیخ محی الدین | علی بن ابراہیم بن عبداللہ القادری |
| الدرر السعیہ فی المواعظ الکیلانیہ | سیف الدین (مخطوطہ ، علی گڑھ) |
| الدرر الفاخر فی مناقب الشیخ عبدالقادر | نامعلوم |
| در مناقب شیخ عبدالقادر جیلانی | محمد صادق (مخطوطہ کتب خانہ ابوالخیر ، دہلی) |
| الدرر المنظم فی مناقب غوث الاعظم | شاہ غوثی |
| الدرر المنظم فی مناقب غوث الاعظم | شاہ علی انور قلندر |
| دیوان اردو | فیض احمد بدایونی |

| | |
|---|---|
| دیوان سروری | غلام سرور لاہوری |
| دیوان غوث الاعظم | امیر حسن نورانی |
| دیوان فارسی | فیض احمد بدایونی |
| دیوان منقبت غوث الاعظم | شاہ محمد عبدالقادر |

## ذ

| | |
|---|---|
| ذکر سلسلہ قادریہ چشتیہ | نا معلوم (مخطوطہ ، کتب خانہ گنج بخش) پاکستان |
| ذکر غوث پاک | شاہ نیازی بغدادی |
| ذکر غوث پاک یا گیارہویں نامہ | منشی نذیر احمد سیماب |
| ذکر محبوب | حبیب الرحمٰن خاں شروانی |
| ذکر محبوب | خواجہ حسن نظامی |
| ذریعہ قادریہ | امام احمد رضا |

## ر

| | |
|---|---|
| رسائل احوال و سیر حضرت غوثیت | عبدالرزاق فرنگی محلی |
| رسالہ در احوال حضرت غوث پاک | محمد عنایت اللہ فرنگی محلی |
| رسالہ ذکر حضرت غوث پاک | عبدالوہاب فرنگی محلی |
| رسالہ سوال و جواب غوث الاعظم | نا معلوم ( مخطوطہ ، آصفیہ) |
| رسالہ فی مناقب الشیخ عبدالقادر | شیخ عبدالرحمٰن سہروردی |
| رسالہ مناقب | نامعلوم ( مخطوطہ سالار جنگ میوزیم حیدر آباد ) |
| رموز الغیب ترجمہ فتوح الغیب | محمد عالم کاکوروی |
| الروض الزاہر | احمد بن محمد القسطلانی |

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



| | |
|---|---|
| روضہ صفا | شاہ غوث جامی (مخطوطہ ادارہ ادبیات اردو) |
| روض النواظر فی ترجمہ الشیخ عبدالقادر | شیخ محمد سعید السجاوی |
| روضۃ النواظر فی ترجمۃ الشیخ عبدالقادر | مجد الدین شیرازی |
| ریاض السباتین فی الشیخ عبدالقادر | محی الدین گیلانی تونس |
| ریاض الغوثیہ | عبدالستار |
| ریاض غوثیہ | شاہ غوثی |

## ز

| | |
|---|---|
| زبدۃ الآثار | شیخ عبدالحق دہلوی |
| زبدۃ الاسرار فی مناقب غوث الابرار | شیخ عبدالحق دہلوی |
| الزمزمۃ القمریہ فی الذب عن الخمریہ | امام احمد رضا |

## س

| | |
|---|---|
| سرور الصدور نورالبدور | فرید الدین ناگوری (مخطوطہ ، علیگڑھ) |
| السعید الیوسفیہ لقاری القصیدہ الغوثیہ | محمد اعظم نوشاہی |
| سلاسل الانوار فی سیر الابرار | نوازش علی بلگرامی (مخطوطہ ، علی گڑھ) |
| سلسلہ عالیہ قادریہ اور لاہور | غلام محمد ہزاروی |
| سلسلہ قادریہ سید عبدالوہاب | عبدالرحمٰن القزوینی (مخطوطہ ، آصفیہ) |
| سلسلہ قادریہ | محمد رفیع الدین بن محمد شمس الدین (مخطوطہ ، آصفیہ) |
| سلسلہ قادریہ | شاہ غلام علی |
| سلوک قادریہ | محمد رفیع الدین (مخطوطہ ، آصفیہ) |
| سلوک قادریہ | محمد ابراہیم بدایونی |

| | |
|---|---|
| سوانح عمری حضرت سیّد نا غوث الاعظم | محمد علی خاں مجددی |
| سوانح عمری حضرت غوث الاعظم | محمد عبداللہ عطار |
| سوانح غوث و خواجہ | مولانا بدر الدین احمد |
| سیّدنا شیخ عبدالقادر جیلانی | ڈاکٹر غلام یحییٰ انجم |
| سیّدنا حضرت غوث الاعظم | عبدالسالک |
| سیرت غوث الاعظم | عزیز حسن |
| سیرت غوث الاعظم | ضیاء اللہ قادری |
| سیرت غوث الاعظم | نور بخش توکلی |
| سیرت غوث الاعظم | زاہد القادری |
| سیرت غوث پاک | عبدالرزاق نرساپوری |
| سیرت غوث پاک | عبدالرحیم کانپوری |
| سیرت غوث الثقلین | مفتی غلام سرور لاہوری |
| سیف دستگیر | مفتی محمد ابراہیم فریدی |
| سیف دستگیر | پیر قلندر سہروردی |
| سیف دستگیر | فتح علی شاہ |
| السیف الربانی | ابن عزوز (مخطوطہ ، علی گڑھ) |

## ش

| | |
|---|---|
| شاہ جیلاں | عبدالنبی کوکب |
| شاہ جیلاں | عبدالقادر وکیل بنارس |
| شجرات قادریہ | نامعلوم (مخطوطہ ، دیوبند) |
| شجرات قادریہ | نامعلوم (مخطوطہ ، کلکتہ) |
| شجرات قادریہ ، چشتیہ ، سہروردیہ وغیرہ | عظیم الدین (مخطوطہ ، آصفیہ) |

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



| | |
|---|---|
| شجرہ قادریہ | قمر الحسن ابو الفیاض (مخطوطہ ، کلکتہ) |
| شجرہ سلسلہ قادریہ | نامعلوم (مخطوطہ ، علی گڑھ) |
| شجرہ قصیدہ غوثیہ | فیروز الدین ڈسکوی |
| شرح قصیدہ غوثیہ خمریہ | شاہ محمد غوث قادری |
| شروح الغیب ترجمہ فتوح الغیب | غلام احمد خاں بریاں |
| الشمائل القادریہ | محمد بن یعقوب الفیروز آبادی |
| شمائل غوث الاعظم | نامعلوم (مخطوطہ گنج بخش پاکستان) |
| شمالی ہند میں سلسلہ قادریہ - آغاز و ارتقا- جلد اول | ڈاکٹر غلام یحییٰ انجم (غیر مطبوعہ) |
| شمالی ہند میں سلسلہ قادریہ-آغاز و ارتقا- جلد دوم | ایضا |
| شمالی ہند میں سلسلہ قادریہ-آغاز وارتقا- جلد سوم | ایضا |
| الشیخ عبدالقادر جیلانی - حیاۃ و آثارہ | شیخ ابراہیم السامرائی بغداد |

## ص

| | |
|---|---|
| صحیفہ غوثیہ شرح قصیدہ غوثیہ | پیر قلندر علی سہروردی |

## ع

| | |
|---|---|
| عبدالقادر جیلانی | نامعلوم |
| عشق و دانش | غازی |
| عقائد غوث الاعظم | حافظ محمد حمید اختر |

## غ

| | |
|---|---|
| غوث الاعظم | شفیق بریلوی |
| غوث الاعظم | نور احمد خاں فریدی |
| غوث الاعظم | ملا علی قاری |

| | |
|---|---|
| غوث الاعظم | امیر محمد شاہ قادری |
| غوث پاک | حبیب اللہ قادری |
| غوث نامہ | نواب محمد علی خاں |
| غوث نامہ | لعل شاہ حیدر آباد (مخطوطہ ، آصفیہ) |
| غوثیہ (رسالہ) | عبدالکریم انصاری (مخطوطہ گنج بخش پاکستان) |

## ف

| | |
|---|---|
| فتاوی کرامت غوثیہ | عبدالهادی فرنگی محلی |
| الفتح المبین | سیّد عبدالرحمٰن |
| فتوح الحکم | محمد رمضان نوری |
| فضائل غوثیہ | عبدالهادی فرنگی محلی |
| الفقر فخری | محمد عبداللہ مرداںونی |
| فیوضات غوثیہ | محمد اشرف قادری |
| فیوض یزدانی ترجمہ الفتح الربانی | محمد عاشق الٰہی میرٹھی |

## ق

| | |
|---|---|
| قادر نامہ | سیّد محمد عاشق چشتی (مخطوطہ ، آصفیہ) |
| قرۃ العین فی مناقب غوث الثقلین | ابو محمد یٰسین شوق صدیقی |
| قرۃ الناظر فی ترجمہ خلاصۃ المفاخر فی اختصار مناقب السیّد عبدالقادر و جماعۃ من الشیوخ الاکابر | ذوالفقار احمد سہارنپور |
| قسطاس القادریہ | مفتی غلام سرور لاہوری |
| قصیدہ غوثیہ مع ختم غوثیہ | عنصر صابری چشتی |
| قلائد الجواہر | محمد بن یحییٰ تادنی |

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## ک

| | |
|---|---|
| کتاب فی مناقب الشیخ عبدالقادر | قطب الدین الیونینی |
| کحل الجواہر فی مناقب الشیخ عبدالقادر | سیّد عبدالقادر کنتوری |
| کحل العینین فی تفصیل غوث الثقلین | محمد اسماعیل (مخطوطہ، خدا بخش) |
| کرامات پیران پیر | سیّد قدرت اللہ قاسم (مخطوطہ، علی گڑھ) |
| کرامات غوث الاعظم | محمد نصراللہ خاں نوری |
| کرامت غوث الاعظم | نا معلوم (مخطوطہ ادارہ ادبیات اردو) |
| کرامت غوث الاعظم | محمد فضل |
| کشف للآثار | حبیب اللہ اکبر آبادی |
| کلمات غوثیہ | نا معلوم |
| کلمات قدسیہ والہامات غوثیہ | محمد بخش مسلم |
| کنز الرحمۃ | احمد الدین |
| الکواکب الدریہ فی المناقب القادریہ | محمد رشید الرافعی |
| الکوکب الزاہر | شیخ ابوالہدی الرفاعی |

## گ

| | |
|---|---|
| گلدستہ کرامات ترجمہ مناقب غوثیہ | مفتی غلام سرور لاہوری |
| گلدستہ کرامات (اردو) | افضل |
| گلدستہ کرامات | فیض احمد اویسی |
| گلدستہ کرامات | نا معلوم |
| گلزار قادری | مفتی غلام سرور لاہوری |
| گلشن اسلام | نا معلوم |
| گیارہویں شریف | مفتی محمد ابراہیم |

| | |
|---|---|
| گیارہویں شریف | سیّد محمد دیدار علی |
| گیارہویں شریف | محمد سلامت اللہ رام پوری |

## ل

| | |
|---|---|
| لاہور کا اولین قادری مبلغ اسلام | مولانا شرافت نوشاہی |
| لاہور میں عرس غوث الاعظم کی تقریبات | میاں محمد بخش قادری |

## م

| | |
|---|---|
| مثنوی کرامت محبوب سبحانی | اعظم علی شائق (مخطوطہ، ادارہ ادبیات اردو) |
| محاسن حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی منظوم | عطاء الدین بہ ملقب مرعی |
| محامد غوثیہ منظوم | منشی واجد علی خاں |
| محبوب الاتقیا ذکر سلطان الاولیاء | جمال الحق فنا |
| محبوب القلوب | محمد باقر آگاہ ویلوری |
| محبوب القلوب | زاہد القادری |
| محبوب المعانی در کشف تنزلات رحمانی | محمد صادق لطیفی مشرقی (مخطوطہ، ناگور) |
| محفل نامہ گیارہویں شریف | خواجہ حسن نظامی |
| محی الدین نامہ | محمد افضل (مخطوطہ، آصفیہ) |
| محی الدین نامہ | سیف الدین (مخطوطہ، آصفیہ) |
| محی الدین نامہ | حبیب الرحمٰن محمد |
| محی الدین نامہ | شاہ ابوالمعالی |
| مخازن القادریہ | شمس الدین بن ولی اللہ (مخطوطہ، آصفیہ) |
| مختصر تحفہ قادریہ | شاہ عبدالعالی محمود |
| مختصر الروض الزاہر | شیخ ابراہیم الدیری |

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com




| | |
|---|---|
| مدح میراں | شہ میر (مخطوطہ ، ادارہ ادبیات اردو) |
| مسلمانوں کے سب سے بڑے صوفی | محمد ہدایت حسین |
| مشائخ قادریہ | غلام قادر بھیروی |
| معجزات جیلانی | محمد عبدالحمید پانی پتی |
| معجزات جیلانی | شاہ ابو المعالی |
| معراج العارفین (ارشادات شیخ عبدالقادر جیلانی) | نا معلوم (مخطوطہ ، آصفیہ حیدر آباد) |
| مفتاح الفتوح شرح فتوح الغیب | شیخ عبدالحق دہلوی |
| مقامات دستگیری | محمد عبدالرحیم |
| مکالمات غوث اعظم | ولی ملوک شاہ قادری (مخطوطہ ، گنج بخش ، پاکستان) |
| مکتوبات سیّد عبدالقادر گیلانی | نا معلوم |
| مکتوبات غریب | علی متقی |
| مکتوبات غوث پاک و سرمد | علی بن حسام الدین (مخطوطہ ، علیگڑھ) |
| مکتبہ المدرستہ القادریہ العامتہ الموسس الشیخ عبدالقادر جیلانی | محمد صبری ، بغداد |
| ملفوظات قادریہ | عبدالسلام |
| ملفوظات قادریہ | نا معلوم (مخطوطہ ، علی گڑھ) |
| مناقب الشیخ عبدالقادر جیلانی | محمد حسین (مخطوطہ ، کلکتہ) |
| مناقب الشیخ عبدالقادر الجیلانی | موسیٰ بن محمد یونینی (مخطوطہ ، آصفیہ) |
| مناقب الشیخ عبدالقادر جیلانی | شیخ عبدالرحمٰن طالبان |
| مناقب غوث الثقلین | شاہ عبداللہ ثانی |
| مناقب غوثیہ | سیّد محمد ظہیر الحق |
| مناقب غوثیہ | محمد صادق شہابی (مخطوطہ ، آصفیہ) |

مناقب غوثیہ — میاں محمد بخش
مناقب غوثیہ — مولانا محمد باقر
مناقب غوثیہ — حبیب الدین امام الدین (مخطوطہ ، جواہر میوزیم اٹاوہ)
مناقب غوث الابرار — نا معلوم
مناقب غوث الاعظم — نا معلوم (مخطوطہ ، گنج بخش ، پاکستان)
مناقب المرشدین و کنز الواصلین — عبدالقادر بن محمد غوث شاہجہانپوری (مخطوطہ ، علی گڑھ)
منیۃ الراغبین ترجمہ غنیۃ الطالبین — نا معلوم

## ن

نجات المریدین در احوال حضرت غوث الاعظم — شیخ علی محمد دہلوی
نزہۃ الخطر فی ترجمۃ الشیخ عبدالقادر — ملا علی بن سلطان محمد القاری (م ۱۰۱۴ھ)
نور الربانی فی مدح محبوب سبحانی — میاں محمد دین کلیم

## و

واقعات غوث الاعظم — عطا (مخطوطہ سالار جنگ میوزیم حیدر آباد)
واقعات غوث الاعظم — ملا علی قاری (ترجمہ اقبال احمد فاروقی)
ورد لعبدالقادر جیلانی — نامعلوم (مخطوطہ ، آصفیہ)
وسائل بخشش — مولانا حسن رضا خاں
وظیفہ قادریہ — امام احمد رضا

☆☆☆☆☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com